**20.03.2026**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. شگفتہ یاسمین
**Music**

--------------------------------

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج اترپردیش کے شہر ورندا وَن میں رام کرشن مشن سیواشرم اسپتال کے نندکشور سومانی Oncology بلاک کا افتتاح کیا۔

☆ بھارت نے ایک بار پھر کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ وادیٔ سندھ کے آبی معاہدے پر عمل اُس وقت تک نہیں کیا جائے گا، جب تک پاکستان، دہشت گردوں کیلئے اپنی مدد کا سلسلہ ختم نہیں کردیتا۔

☆ اسرائیل نے ایران پر تازہ حملے کئے ہیں۔ یہ حملے وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو کے یہ کہنے کے ایک دن بعد کئے گئے ہیں، کہ وہ ایران کے گیس کے بڑے کنوؤں پر حملہ کرنے سے گریز کرے گا۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں آج موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور ...... Orleans ماسٹر بیڈمنٹن میں آج شام فرانس میں خواتین کے سنگلز میں تنوی شرما کا مقابلہ جاپان کی Natsuki Nidaira سے، جبکہ مالویکا بنسوڑ کا مقابلہ ایشارانی بروا سے ہوگا۔

------------------------------------

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Prez Oncology**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج اترپردیش کے شہر ورندا وَن میں رام کرشن مشن سیواشرم اسپتال کے نندکشور سومانی Oncology بلاک کا افتتاح کیا۔ اِس بلاک کا مقصد خطے میں کینسر کی دیکھ بھال کی سہولیات کو مستحکم کرنا ہے۔ اِس بلاک میں ریڈیو تھراپی اور تشخیص سے متعلق جدید ترین آلات دستیاب ہیں۔×

**Add Prez Oncology**

صدر جمہوریہ نے کہا کہ ایک مضبوط اور خودکفیل بھارت کا تصور اُسی وقت پورا ہوسکتا ہے، جب اُس کے شہری صحتمند ہوں۔ اُنہوں نے نندکشور سومانی Oncology بلاک کا افتتاح کرنے کے بعد اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج حکومت حفظانِ صحت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے اور ہر شہری کیلئے اعلیٰ درجے کی طبی خدمات کو یقینی بنانے کی لگاتار کوششیں کررہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت ملک کے صحت کے نظام کو مستحکم بنانے کی لگاتار اور ٹھوس کوششیں کررہی ہے۔
صدر مرمو نے کہا کہ آیوشمان بھارت جیسے اہم اقدام کے ذریعے لاکھوں شہریوں کو کم خرچ اور کوالٹی والی حفظانِ صحت خدمات

فراہم کر رہی ہے۔×

## IND-PAK Waters

بھارت نے اپنے اِس عزم کو دوہرایا ہے کہ جب تک پاکستان دہشت گردی کی حمایت ختم نہیں کردیتا، اُس وقت تک پاکستان کے ساتھ سندھ آبی معاہدہ معطل رہے گا۔
پاکستان کو دہشت گردی کا ایک عالمی مرکز قرار دیتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے بتایا کہ پاکستان کو معاہدے سے متعلق اپنی تشویش کے بارے میں بتانے سے پہلے انسانی زندگی کے تقدس کو برقرار رکھنا چاہئے۔
انہوں نے کہا کہ بھارت نے کے ایک نیک ارادے کے ساتھ 1960 میں سندھ آبی معاہدے پر دستخط کیے تھے، لیکن پاکستان نے جنگوں اور دہشت گردانہ حملوں کے ذریعے اِسے نقصان پہنچایا۔ بھارت نے پچھلے سال کے پہلگام حملے کے بعد اِس معاہدے کو معطل کردیا تھا۔
جناب ہریش نے یہ بھی کہا کہ تکنیکی اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے پیشِ نظر سندھ آبی معاہدے میں ترامیم پر تبادلۂ خیال کرنے کی بھارت کی کوشش کو پاکستان کی طرف سے مسترد کردیا گیا۔×

## BJP Bye Election List

BJP نے بھی مختلف ریاستوں میں، آئندہ اسمبلی ضمنی انتخابات 2026 کیلئے اپنے امیدواروں کا اعلان کردیا ہے۔ پارٹی کے مطابق رتیش روی نائک کو گوا کی پونڈا اسمبلی سیٹ کیلئے اُتارا گیا ہے۔
ناگالینڈ میں Daochier I Imchen، کوری ڈانگ اسمبلی ST سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔
کرناٹک میں پارٹی نے باگل کوٹ اسمبلی سیٹ سے ویر بھدریا چرنتی مت کو میدان میں اُتارا ہے، جبکہ سری نواس T.Dasakriyappa کو داونگیرے ساؤتھ اسمبلی حلقے سے اتارا ہے۔
تریپورہ میں جہر چکربورتی، دھرم نگر اسمبلی حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔ یہ فیصلہ کُل BJP صدر نتن نبین کی صدارت میں پارٹی کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی ایک میٹنگ میں کیا گیا۔
میٹنگ میں وزیرِاعظم نریندر مودی، وزیرِدفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ اور کمیٹی کے دیگر ارکان نے شرکت کی۔×

## Nadda - Oral Health

صحت و خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ورلڈ Oral ہیلتھ کے دن کے موقع پر دانت اور منہ کی صفائی کیلئے بہتر طور طریقے اپنائیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب نڈا نے بہتر طریقے سے دانت صاف کرنے، چینی سے بننے والی خوراک کا محدود استعمال کرنے اور مستقل طور پر دانتوں کو چیک کرانے، جیسے آسان طور طریقوں کی اہمیت پر زور دیا ہے، تاکہ دانت مضبوط اور صحت مند رہ سکیں۔ انہوں نے کنبوں کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ دانت اور منہ کی بہتر صفائی کیلئے صحت مند طریقے اپنانے کیلئے مل کر کام کریں۔ انہوں نے عوام سے یہ بھی اپیل کی کہ وہ روزانہ دانت اور منہ کی صفائی کو برقرار رکھنے کیلئے عوام میں بیداری پیدا کریں اور اِس کے تئیں پوری طرح عزم رہیں۔×

## Health Ministry Aids

صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے آج ایڈس پر قابو پانے سے متعلق قومی تنظیم NACO کے تحت، دِلی میں سرکشا سنکلپ

کاریہ شالا کا انعقاد کیا، جس کا مقصد ضلعے کی سطح پر ایڈس کی روک تھام کی سرگرمیوں کو مستحکم کرنا ہے۔ NACO کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر راکیش گپتا نے، ورکشاپ کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ ایڈس، حفظانِ صحت کو درپیش ایک بڑا چیلنج بنا ہوا ہے، جس کی وجہ سے لگاتار چوکسی برتنے، اختراع اور سبھی سرکاری زمروں میں تال میل کی ضرورت پیدا ہوگئی ہے۔ اُنہوں نے زچہ سے، HIV کی ترسیل کو بچے میں منتقل ہونے کی روک تھام کی اہمیت پر زور دیا، جو زچگی، بچے کی پیدائش اور دودھ پلانے کے دوران ظاہر ہوسکتا ہے۔

ڈاکٹر گپتا نے ایک خاکہ بھی پیش کیا، جس میں ایڈس کے 2027 کے عالمی دن کے موقع تک، ایڈس کو ایک وبائی بیماری قرار دینے کی بھارت کی عہدبستگی کو دہرایا گیا ہے۔×

**Israel - Iran Attack**

اسرائیل نے آج تہران پر ہوائی حملے کیے ہیں، جبکہ ایرانی لوگ بڑھتی ہوئی جنگ کے پیش نظر نیا سال Nowruz منا رہے ہیں۔ راجدھانی کے اطراف زور دار دھماکے سنائی دینے کی اطلاع ہے۔ یہ حملے ایران کے گیس کے بڑے کنوؤں پر حملے سے بچنے سے ایک دن پہلے کیے گئے، جس کا اسرائیل نے اشارہ دیا تھا۔

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے کل کہا تھا کہ اسرائیل ایران کے گیس کے کنوؤں پر کوئی مزید حملہ نہیں کرے گا۔ دریں اثنا ایران نے پورے خلیج میں توانائی کے ٹھکانوں پر حملے تیز کردیے ہیں۔ آج صبح سویرے دبئی میں بھی دھماکے سنے گئے، جبکہ آج عید الفطر کی نماز کے دوران ہوائی دفاعی نظام نے میزائل کو ناکارہ بنا دیا۔

ایران، اسرائیل پر لگاتار میزائلوں سے حملے کررہا ہے، جس کے نتیجے میں Haifa سے Galilee اور لبنان کی سرحد کے نزدیک سائرن کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں۔

اقوام متحدہ میں سلامتی کونسل نے کل ایک ہنگامی میٹنگ کی، جہاں خلیجی ملکوں نے ایران سے اپیل کی کہ وہ اپنے ہوائی حملے روک دے۔ تاہم خطے بھر میں حملے جاری ہیں، جبکہ سعودی عرب، قطر، کویت اور متحدہ عرب امارات کے اہم توانائی کی تنصیبات کو نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات ہے۔ خطے کے سمندر میں جہازوں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔×

**Gabbard Pak Threat**

امریکہ کی خفیہ ایجنسی کی سربراہ تلسی Gabbard نے کہا ہے کہ چین، روس اور پاکستان کی طرف سے طویل دوری کے بیلسٹک میزائل تیار کرنے کا پروگرام، امریکہ کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہوسکتا ہے۔ سینٹ انٹیلیجنس کمیٹی کے سامنے ایک بیان میں Gabbard نے یہ بھی کہا کہ امریکہ کو فی الحال لاحق خطرہ تین ہزار سے زیادہ میزائلوں کے ذخیرے سے ہے، جس میں 2035 تک میزائلوں کی تعداد 16 ہزار سے زیادہ ہوجائے گی۔×

**IMD Weather**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں کل تک، الگ الگ جگہوں پر بہت تیز سے، بہت زیادہ تیز، بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی الگ الگ جگہوں پر بہت تیز بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے بتایا کہ آج دِلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، بہار، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، اوڈیشہ، پنجاب اور اترپردیش میں الگ الگ جگہوں پر گرج چمک کے ساتھ چھینٹے اور ژالہ باری کا امکان ہے۔×

**J&K Road Closed**

جموں و کشمیر میں مغل روڈ، پیر کی گلی، میں تازہ برفباری اور بارش کی وجہ سے آج لگاتار چوتھے روز کیلئے ٹریفک کی آمدورفت کیلئے بند رہا۔ یہ مغل روڈ، کشمیر وادی میں شوپیاں ضلعے کے ساتھ جموں ڈویژن میں سرحدی ضلعوں پونچھ اور راجوری کو جوڑتا ہے۔

بتایا جاتا ہے کہ مغل روڈ مزید احکامات تک بند رہے گا، جبکہ پیر پنجال رینج کے بالائی علاقوں میں برفباری جاری ہے اور پونچھ کے میدانی علاقوں میں شدید بارش ہورہی ہے۔ پونچھ ضلعے میں سبھی بڑی سڑکیں ٹریفک کی آمدورفت کیلئے کھلی ہیں۔ حکام نے لوگوں کو مغل روڈ پر سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے اور عوام سے کہا ہے کہ وہ اُس راستے کی طرف نہ جائیں، جب تک کہ اُس کو دوبارہ کھولنے کے بارے میں سرکاری طور پر کوئی اعلان نہیں کردیا جاتا۔

بورڈر روڈ آرگنائزیشن BRO نے Basohli-Bahni-Bhaderwah سڑک پر برف ہٹانے کے کام کو تیز کردیا ہے، جو گزشتہ تین روز سے شدید برفباری کی وجہ سے کافی متاثر ہوا ہے۔×

**Rev Badminton Orleans Masters**

فرانس کے Palas Des Sports میں آج Orleans Masters کے اہم کوارٹر فائنل میچوں میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی اپنے حریف کھلاڑیوں کا مقابلہ کریں گے۔

خواتین کے سنگلز میں آج شام بھارت کے وقت کے مطابق، ساڑھے 5 بجے Tanvi Sharma جاپان کی Natsuki Nidaira کا سامنا کریں گی، جبکہ شام تقریباً 7 بجے مالویکا بنسوڑ اپنے ہم وطن کھلاڑی Isharani Baruah کا مقابلہ کریں گی۔

مردوں کے ڈبلز میں ایم آر ارجن اور Hariharan Amsakarunan شام میں اپنی حریف جوڑی کا سامنا کریں گے۔×

**Airport Authority Flight**

بھارت کی ایئرپورٹس اتھارٹی AAI نے ملک میں محفوظ ہوا بازی اور سمت معلوم کرنے میں معیارات کو بہتر بنانے کیلئے ایک کلیدی قدم اٹھایا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اتھارٹی نے کہا کہ اُس کی پروازوں کی معائنہ ٹیم نے فضا میں سمت تلاش کرنے کے اہم نظام کا کامیابی کے ساتھ معائنہ کیا۔×

**World Sparrow Day**

گوریہ کی آبادی تیزی سے کم ہونے کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی سالانہ کوشش کے طور پر آج پوری دنیا میں گوریہ کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ یہ کوشش

Eco-Sys Action Foundation کے اشتراک سے بھارت کی Nature Forever سوسائٹی کی طرف سے 2010 میں شروع کی گئی تھی۔ اِس کا مقصد یہ تھا کہ گوریہ کی آبادی تیزی سے کم ہونے کے بڑھتے خطرات کو کم کیا جائے اور اِس سلسلے میں لوگوں میں بیداری پیدا کی جائے۔

☆☆☆☆☆☆